A

# SAMAGRA SHIKSHA – KERALA

## ANNUAL EVALUATION 2018-19

910

STD : IX

First Language Part-1 (Urdu)

Time :1 ½ Hrs

Score : 40

**പൊതു നിർദേശങ്ങൾ**

* ആദ്യത്തെ 15 മിനുട്ട് ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസിലാക്കാനുള്ള സമാശ്വാസ സമയമാണ്.
* 1 മുതൽ 6 വരെയുള്ള എല്ലാ ചോദ്യങ്ങൾക്കും ഉത്തരമെഴുതേണ്ടതാണ്.
* 7 മുതൽ 13 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 5 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക.
* 14 മുതൽ 19 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 4 എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക

---

### 1 سے 6 تک کے تمام سوالوں کے جواب لکھیے۔

1 نیچے چند کرداروں کے نام دیے ہیں۔ ان میں سے کہانی 'لاجواب جوتے' کے کرداروں کے نام چن کر لکھیے۔ 1

(مچھندر ، جبرا، گڈو، قاضی)

2 مناسب لفظ چن کر خانہ پورا کیجیے۔ (کہانی، نظم، ڈراما) 2

| | | |
|---|---|---|
| بیساکھی | ............. | یوسف |
| پوس کی رات | ............. | ہلکو |

3 خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے ملایئے۔ 2

| الف | ب |
|---|---|
| پریم چند | مغل بادشاہ |
| بہادر شاہ ظفر | پوس کی رات |
| ابوالکلام آزاد | امتحان |
| فرحت اللہ بیگ | پہلا وزیر تعلیم |

4 نیچے دیے جملے غور سے پڑھیے۔ ان میں سے صحیح جملہ چن کر لکھیے۔ 1

(a) میں کھانا تیار کرتی ہے ۔ (b) میں کھانا تیار کرتی ہیں ۔

(c) میں کھانا تیار کرتی ہوں۔ (d) میں کھانا تیار کرتی ہو۔

5 اردو زبان کی ترقی میں مغل بادشاہوں کا بڑا ہاتھ ہے۔ دو مغل بادشاہوں کے نام لکھیے۔ 1

6 نیچے دیے گئے اشعار غور سے پڑھیے۔ ان میں سے دعائیہ نظم کا شعر چن کر لکھیے۔ 2

(a) ہوا میں درختوں کا وہ جھومنا
وہ پتوں کا پھولوں کا منہ چومنا

(b) کتنا ہے بدنصیب ظفر دفن کے لیے
دو گز زمین بھی نہ ملی کوئے یار میں

(c) گلشن میں رنگ تیرا ہر گل میں تیری بو ہے
ہر سمت تیرا جلوہ ہر شے میں تو ہی تو ہے

**7 سے 13 تک کے سوالوں سے کسی پانچ کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے۔** **5 ×3 =15**

7 عبارت غور سے پڑھیے۔ اشاروں کی مدد سے تین سوالات تیار کیجیے۔ 3

بہادر شاہ ظفر مغلیہ سلطنت کے آخری تاج دار تھے۔ ان کی پیدائش ۲۴/ اکتوبر ۱۷۷۵ء کو ہوئی۔ ان کا اصل نام مرزا ابو ظفر سراج الدّین محمد تھا۔ ان کی تخت نشینی ۱۸۳۷ء میں ہوئی۔ انگریزوں نے ان کو قید کر دیا۔ ان کی وفات ۷/ نومبر ۱۸۶۲ء کو رنگوں کی جیل میں ہوئی۔

(اشارے : کون، کیا، کب، کہاں، کیوں)

8 ندی نالے قدرت کا وردان ہے۔ آج کل ہم انسان ندی نالوں کو برباد کر رہے ہیں۔ 3

بچّو، ندی نالوں کی حفاظت کے لیے آپ کے گاؤں میں ایک جلوس نکلنے والا ہے۔ اس کے لیے تین نعرے تیار کیجیے۔ جیسے : ندی نالے قدرت کا وردان ہے۔

9 زندگی میں تندرستی کی بڑی اہمیت ہے۔ تندرستی کے لیے صفائی ضروری ہے۔ 3

بچّو، صفائی کی اہمیت پر آپ کے خیالات لکھیے۔

10 میاں مچھندر کے جوتے شاہی محل کے حوض سے مل گئے۔ پولیس نے میاں مچھندر کو پکڑ کر عدالت میں پیش کیا۔ 3

بچّو، اس واقعہ پر ایک اخباری رپورٹ تیار کیجیے۔ (اشارے: عنوان، تاریخ، جگہ)

11 آج کل اکثر لوگ کھیتی باڑی اور محنت سے منہ موڑتے ہیں۔ کھانے پینے کی چیزیں بازار سے خریدتے ہیں۔ اسی وجہ سے تندرستی کے مسائل بھی دن بدن بڑھ رہے ہیں۔ 3

بچّو، کھیتی باڑی کی اہمیت پر آپ کی رائے کیا ہے؟ چار جملے لکھیے۔

12 گلشن میں رنگ تیرا ہر گل میں تیری بو ہے 3

ہر سمت تیرا جلوہ ہر شے میں تو ہی تو ہے

جس کی ہو کوئی حاجت تجھ سے ہی مانگتا ہے

محتاج بھی تیرا ہے حاجت روا بھی تو ہے

اشعار غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔

(a) یہ نظم 'دل کی آنکھیں' کے اشعار ہیں۔اس کا شاعر کون ہے؟

(b) بچّو، ہماری حاجت ہم کس سے مانگتے ہیں؟ ان اشعار کے ذریعہ شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟ لکھیے۔

13 ڈراما 'بیساکھی' آپ نے پڑھا ہے نا؟ یوسف اور گڈو اس ڈرامے کے اہم کردار ہیں۔ 3

بچّو، ان کرداروں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ لکھیے۔

**14 سے 19 تک کے سوالوں سے کسی چار کے جواب چار پانچ جملوں میں لکھیے۔** **4 × 4 = 16**

14 یہ ہندوستان ہے ہمارا وطن محبت کی آنکھوں کا تارا وطن 4

وہ اس کے درختوں کی تیّاریاں وہ پھل پھول پودے وہ پھلواریاں

اشعار غور سے پڑھیے۔

(a) بچّو، اس کا شاعر کون ہے؟ چن کر لکھیے۔ (علّامہ اقبال، برج نارائن چکبست، جوش ملیح آبادی)

(b) ان میں دیس کے بارے میں شاعر کیا بیان کرتا ہے؟ اشعار کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

15 عبارت غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔ 4

مولانا ابوالکلام آزاد کی پیدائش ۱۱/نومبر ۱۸۸۸ء کو مکّہ میں ہوئی۔ان کا اصل نام محی الدّین احمد تھا۔ ان کی ادبی زندگی گیارہ سال کی عمر میں شروع ہوئی۔آزاد ان کا تخلص تھا۔ مولانا نے سماجی زندگی میں ہندو مسلم اتّحاد پر زور دیا۔وہ آزاد ہندوستان کے پہلے وزیرِ تعلیم بھی تھے۔ ان کی پیدائش کا دن ہندوستان میں یومِ تعلیم کے طور پر منایا جاتا ہے۔

(a) ہندوستان کے پہلے وزیرِ تعلیم کون تھے؟

(b) مولانا ابوالکلام آزاد کی پیدائش کہاں ہوئی؟

(c) ان کی ادبی زندگی کب شروع ہوئی؟

(d) مولانا ابوالکلام آزاد کی یومِ پیدائش کس دن کے طور پر منایا جاتا ہے؟

16 کہانی 'اسکاٹ لینڈ کا راجا' آپ نے پڑھی ہے نا؟ راجا کو بوڑھے لوگوں سے بڑی نفرت تھی۔ 4

(a) بچّو' اس کہانی کے اور دو کرداروں کے نام لکھیے۔

(b) پسندیدہ ایک کردار پر نوٹ لکھیے۔

17 اشاروں کی مدد سے الطاف حسین حالی کے بارے میں ایک سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔ 4

| | | |
|---|---|---|
| نام | : | الطاف حسین حالی |
| پیدائش | : | ۱۸۳۷ء کو پانی پت میں |
| تخلص | : | حالؔی |
| والد کا نام | : | ایزد بخش |
| وفات | : | ۳۱ ستمبر ۱۹۱۴ء کو پانی پت میں |

18 آدھی رات گزر گئی۔ اجمل کے پیٹ کا درد بڑھتا رہا۔ ماں اسے اسپتال لے گئی۔ اجمل کو دیکھ کر ڈاکٹر نے پوچھا۔ 4

ڈاکٹر : کیا ہوا بیٹے؟

اجمل : ...................

(بچّو' اجمل اور ڈاکٹر کی گفتگو آگے بڑھائیے۔)

19 بچّو، نوٹس غور سے پڑھیے اور اس پروگرام کے لیے ایک پوسٹر تیار کیجیے۔ 4

**اردو کلب کا افتتاح**

۱۵ فروری ۲۰۱۹ء کو اسکول کے سیمینار ہال میں اردو کلب کا افتتاح کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پروگرام کا افتتاح صدرِ پنچایت حسین صاحب کریں گے۔ کلب کے بچّوں کی طرف سے ڈراما ' بیساکھی' کی پیش کش بھی ہوگی۔

سب کو خیر مقدّم کرتے ہیں۔

سکریٹری' اردو کلب